# ۵۔ رقص

## ہاتھوں کی اُنگلیوں کا تعارف



۱۔ انگوٹھا

۲۔ انگشتِ شہادت

۳۔ بڑی انگلی یا درمیانی انگلی

۴۔ رِنگ فنگر

۵۔ چھنگلیا

## ہاتھوں کی حالت

۱۔ پرچم

۲۔ ترشول

۳۔ چوٹی

۴۔ انجلی

۵۔ مچھلی



۱




۲



۳



۵



۴

## اداکاری گیت

دادی کیا کر رہی ہیں
دادی مونگ پھلی کے دانے بھوُن رہی ہیں
باجی کیا کر رہی ہیں
باجی پھلیاں پھٹک رہی ہیں
امّی کیا کر رہی ہیں
امّی مونگ پھلی کوٹ رہی ہیں

کوٹو جلدی کوٹو
مونگ پھلی کوٹو
مونگ پھلی کے ساتھ ساتھ
گُڑ بھی کوٹو
دانے اور گُڑ
ایک ساتھ ملائیں گے
چلو آؤ ہم سب
مل کر لڈو بنائیں گے



- طلبہ سے ان کے ہاتھوں کی انگلیوں کے نام پوچھیں۔ ہاتھوں کی حالت کی مشق کروائیں۔
- اداکاری کے گیت میں عملی طور پر اس سرگرمی کو آنکھوں کے سامنے پیش کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے بعد طلبہ کو اس سرگرمی کی صرف اداکاری کرنے کو کہیں۔

## قدرتی مظاہر پر مبنی اداکاری گیت



آؤ باجی آؤ،
موگرے کے پیڑ کے نیچے
پھول چنیں!
آؤ باجی آؤ،
کوئل کے سُروں کے ساتھ
ہم بھی گانا گائیں!
آؤ باجی آؤ،
نیلے نیلے مور کے ساتھ
ہم بھی ناچیں!
آؤ باجی آؤ،
مینڈک اور خرگوش کے ساتھ
ہم بھی چھلانگیں ماریں!
آؤ باجی آؤ،
آم کے درخت کے نیچے
تھوڑی دیر سو جائیں!







## حرکاتی گیت

آؤ بچّو آؤ ، باغ میں کھیلیں چل کر — جھاڑ پہ ڈالیں جھولا ، آم کھائیں مل کر
کوئل گائے کوکو ، سات سروں کی سرگم — اس کا گانا سن کر، مور بھی ناچے چھم چھم
آؤ بچّو آؤ ، باغ میں کھیلیں چل کر — جھاڑ پہ ڈالیں جھولا ، آم کھائیں مل کر
پھدک کے آیا مینڈک، کر کے لمبی ٹانگیں — پیچھے پیچھے خرگوش مارے اونچی چھلانگیں
آؤ بچّو آؤ ، باغ میں کھیلیں چل کر — جھاڑ پہ ڈالیں جھولا ، آم کھائیں مل کر
خوخو کر کے بولا جھاڑ پہ بیٹھا بندر — محنت کرنے والا قسمت کا ہے سکندر
آؤ بچّو آؤ، باغ میں کھیلیں چل کر — جھاڑ پہ ڈالیں جھولا ، آم کھائیں مل کر



- گیت میں دیے ہوئے بیان کے مطابق عمل کروائیں۔ مختلف سرگرمیوں کی اداکاری کے ذریعے پیش کش کروائیں۔ سرگرمی کی پہچان کروائیں۔
- مواد کے مطابق آواز میں اُتار چڑھاؤ کرنے کو کہیں۔ زبانی اداکاری کے ذریعے کہانی کہنے کی ترغیب دیں۔